**ایم کیوایم روسی روبل یا ڈالروں سے نہیں بلکہ شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت اس مقام تک پہنچی ہے، الطاف حسین**

**جو طاقتیں ڈرگ مافیا، اسلحہ مافیا اور لینڈ مافیا کی بلواسطہ یا بلاواسطہ سپورٹ کررہی ہیں انہیں متنبہ کرتا ہوں کہ**

**ایم کیوایم کا ایک ایک ساتھی فولادی چٹان بنکر اپنی تحریک کا دفاع کرنا اچھی طرح جانتا ہے**

**متحدہ قومی موومنٹ کی تاریخ تحریک کی بقاء کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے تذکرے کے بغیر ہرگز مکمل نہیں ہوگی**

**مظلوم قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ہمارے بھائی ہیں لیکن ڈرگ، اسلحہ اور لینڈ مافیا والے ہمارے بھائی نہیں ہیں**

**ایم کیوایم کو بندوق کے زور پر ختم کرنے کا خواب دیکھنے اور کراچی پر قبضہ جمانے والوں کے بازو ہمارے آزمائے ہوئے ہیں**

**جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگار شہدائے حق کی افتتاح کے اجتماع کے ہزاروں شرکاء سے ٹیلی فونک خطاب**

لندن۔۔۔26، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی تاریخ لازوال قربانیوں سے عبارت ہے، یہ تحریک روسی روبل یا امریکی ڈالروں سے نہیں بلکہ ہزاروں حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت اس مقام تک پہنچی ہے۔ جو طاقتیں ڈرگ مافیا، اسلحہ مافیا اور لینڈ مافیا کی بلواسطہ یا بلاواسطہ سپورٹ کررہی ہیں انہیں متنبہ کرتا ہوں کہ ایم کیوایم کا ایک ایک ساتھی فولادی چٹان بنکر اپنی تحریک کا دفاع کرنا اچھی طرح جانتا ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کی شب جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ''یادگار شہدائے حق'' کی افتتاح کے اجتماع کے شرکاء سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماع میں کراچی سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان اور آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ حق پرست شہداء کے لواحقین اور لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جناب الطاف حسین کی جانب سے یادگار شہدائے حق کا افتتاح کیا۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں ایم کیوایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دن شہداء کے مقدس لہو کی برکت اور ان کی لازوال قربانیوں کے طفیل ایم کیوایم کا دائرہ ملک بھر میں پھیلاتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کے قیام کا اعلان کیا گیا تھا اور مہاجر قومی موومنٹ سے متحدہ قومی موومنٹ کی تاریخ تحریک کی بقاء کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے تذکرے کے بغیر ہرگز مکمل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ظلم وجبر کے فرسودہ نظام سے آزادی کی جدوجہد کرنے اور اپنے مشن ومقصد اور نظریہ سے سچی محبت کرنے والے والے تحریکی ساتھی اپنے شہیدوں کے لہو کا سودا نہیں کرتے بلکہ ان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد کرکے انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ تحریک کا ایک ایک ساتھی حق پرست شہداء کو سلام عقیدت پیش کرتا ہے اور تجدید عہد کرتا ہے کہ ہم حق پرست شہداء کے لہو کا سودا ہرگز نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان بھر کے ذمہ داران اور کارکنان پر زور دیا کہ وہ جب بھی پاکستان کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے مظلوم ومحروم عوام کو ایم کیوایم کی تاریخ سے آگاہ کریں تو حق پرست شہداء کی قربانیوں کا لازمی تذکرہ کریں کیونکہ جو قوم اور تحریک اپنے شہداء کی قربانیوں کو فراموش کرتی ہیں دنیا اس تحریک اور قوم کو بھلادیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء کی یادگار ہمارے لئے مقدس ہے لہٰذا ایک ایک ساتھی کا فرض ہے کہ وہ شہداء کی یادگار پر حاضری دیکر نہ صرف ان کے بلند درجات کی دعائیں کریں بلکہ شہداء کو انکی قربانیوں پر دل کی گہرائی سے سیلوٹ بھی کریں۔ انہوں نے کہا کہ میں شہداء اور لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ کا دکھ اور کرب اچھی طرح سمجھ سکتا ہوں۔ حق پرستی کی تحریک میں میرے بڑے بھائی ناصر حسین اور بھتیجے عارف حسین کا لہو بھی شامل ہے اور تحریکی ساتھیوں کی طرح الطاف حسین کے بھائی بہن بھی دربدری کی زندگی گزارر ہے ہیں اور دیار غیر میں محنت ومشقت کرکے زندگی بسر کررہے ہیں۔ الطاف حسین اور اس کا خاندان بھی تحریک کیلئے قربانیاں دینے میں پوری طرح شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں تحریک کے ایک ایک شہید ساتھی کی ماں، والد، بھائی، بہن اور بیوی کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنے پیارے تحریک پر قربان کردیئے۔ ان ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے بہادر سپوتوں کو جنم دیا اور آج بھی کہتی ہیں کہ ہمارا ایک بیٹا تحریک پر قربان ہوا ہے، تحریک کیلئے اور بھی بیٹے حاضر ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم دشمن عناصر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جو جو عناصر بلواسطہ یا بلاواسطہ ایم کیوایم کے خلاف سازشیں کررہے ہیں، ہم انہیں باور کرادینا چاہتے ہیں کہ حق پرست کارکنان اپنے شہداء کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی جانیں قربان کردیں گے لیکن کسی بھی قوت یا ان کے آلہ کاروں کے آگے اپنا سر ہرگز نہیں جھکائیں گے۔ جو سازشی عناصر بیرونی قوتوں کے ہاتھوں اپنے ظرف وضمیر کا سودا کرکے ان کے اشارے پر ایم کیوایم کو حدف تنقید بناتے ہیں اور ایم کیوایم کو سازشی ہتھکنڈوں اور بندوق کے زور پر ختم کرنے کا خواب دیکھ رہے ہیں اور گن پوائنٹ پر کراچی پر قبضہ جمانا چاہتے ہیں ہم انہیں متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ ان کے بازو اور وار ہم پر بار بار آزمائے جاچکے ہیں۔ ہم انہیں بتادینا چاہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کے علاوہ دنیا کی بڑی سے بڑی طاقت اور گولہ بارود سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں دنیا کو بتادینا چاہتا ہوں کہ ایم کیوایم، روسی روبل یا امریکی ڈالروں سے نہیں بلکہ حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں سے اس مقام تک پہنچی ہے۔ جو سپر طاقتیں،

ڈرگ مافیا، اسلحہ مافیا اور لینڈ مافیا کی بلواسطہ یا بلا واسطہ سپورٹ کررہی ہیں ہم ان طاقتوں کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ ایک ایک تحریکی ساتھی فولادی چٹان بنکر اپنی تحریک کا دفاع کرنا اچھی طرح جانتا ہے ۔ کارکنان میں فولادی حوصلہ روپے پیسے نہیں بلکہ محنت ولگن اور تحریک سے پرخلوص ہونے سے آتا ہے اور شہداء کے لہو کا دل سے احترام کرنے سے آتا ہے ۔ لینڈ مافیا، اسلحہ مافیا اور ڈرگ مافیا کی سپورٹ کرنے والی قوتیں جان لیں وہ سازشوں اور ظلم وستم سے ایم کیوایم کے کارکنان کے حوصلے پست نہیں کرسکتے ۔انہوں نے کہا کہ میں ایم کیوایم کو دھمکی دینے والے سورماؤں کو بتادینا چاہتا ہوں کہ وہ کسی بھی سیاسی جماعت کا جھنڈا اٹھا کر ہیروئن، دیگر منشیات اور اسلحہ کا کاروبار کریں لیکن عوام سے خود کو پوشیدہ نہیں رکھ سکتے ۔ باشعور عوام خوب جانتے ہیں کہ کونسی جماعت منشیات اور کلاشنکوف کلچر میں ملوث ہے ۔ یہ عناصر جس کسی بھی طاقت کے اشارے پر ایم کیوایم کو دھمکیاں دے رہے ہیں وہ اپنے ذہن سے یہ خناس نکال دیں کہ وہ ایم کیوایم کو طاقت سے ختم کردیں گے ۔ ہم نے اللہ تعالیٰ کے سوا نہ تو کسی طاقت کے آگے اپنا سر جھکایا ہے اور نہ آئندہ کبھی اپنا سر جھکائیں گے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی تمام لسانی اکائیاں خواہ وہ پختون ہوں، سندھی ہوں، بلوچ ہوں، ہزاروال ہوں، سرائیکی ہوں یا کشمیری ہوں یہ سب ہمارے لئے نہ صرف محترم ہیں بلکہ ہمارے بھائی ہیں ۔ ہم حق پرست بنگالیوں کو بھی اپنا بھائی سمجھتے ہیں اور ان کے حقوق کیلئے اجتماعی جدوجہد کررہے ہیں ۔لیکن ہم ظالم وجابر قوتوں، ہیروئین ودیگر منشیات فروشوں، اسلحہ کی اسمگلنگ کرنے اور زمینوں پر قبضہ کرنے والوں کو اپنا بھائی نہیں سمجھتے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم دشمن قوتیں ایم کیوایم کے رہنماؤں کے خلاف طرح طرح کے الزامات عائد کرتی ہیں تاکہ ان کی جدوجہد پر پانی پھیرا جاسکے اسی طرح سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے خلاف بھی بہت پروپیگنڈہ کیا گیا لیکن میں تحریک کے ایک ایک ساتھی کو بتانا چاہتا ہوں کہ مصطفیٰ کمال کسی قسم کی کرپشن میں ملوث نہیں ہیں ۔ مصطفیٰ کمال نے ناظم کراچی کی حیثیت سے شہر کی جو خدمت کی ہے اس کو حق پرست عوام کبھی فراموش نہیں کرسکتے ۔تحریکی ساتھیوں کو یقین ہے کہ ان کے الطاف بھائی نہ تو غلط بات کرتے ہیں اور نہ ہی پسند ناپسند کی بنیاد پر فیصلے کرتے ہیں ۔انہوں نے تحریک کے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ آج کے تاریخی دن ایک دوسرے سے گلے مل کر آپس کے اختلافات فراموش کردیں اور شہداء کی یادگار کے سامنے عہد کریں کہ وہ متحد ومنظم ہوکر تحریک کے دشمنوں کا مقابلہ کریں گے ۔انہوں نے مزید کہا کہ مجھے حق پرست عوام سے بھی امید ہے کہ وہ ماضی کی طرح آئندہ بھی امتحان کی گھڑی میں کسی بھی طاقت یا ظلم وجبر کے سامنے ہمت وحوصلہ کا مظاہرہ کریں گے اور ظلم وجبر کے سامنے اپنا سر ہرگز نہیں جھکائیں گے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ افتتاحی تقریب 19، جون کو ہونا تھی لیکن قدرت کو آج کا دن منظور تھا کہ آج طوفانی بارش کے باوجود جلسہ گاہ سے کوئی اٹھ کر نہیں گیا جس سے 8، اگست 1986ء کے جلسہ کی یاد تازہ ہوگئی ۔انہوں نے کہا کہ جو طوفانی بارشوں سے بھاگنے کے بجائے نظم وضبط سے بیٹھے رہیں اور میدان چھوڑ کر نہ بھاگیں وہ ظالموں کی بندوقوں اور گولیوں سے بھی ہرگز نہیں بھاگیں گے ۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی، حق پرست عوامی نمائندوں اور تمام ساتھیوں کو ہدایت کی کہ وہ یادگار شہدائے حق پر حاضری دیکر شہداء کو ان کی قربانیوں پر اجتماعی سیلوٹ پیش کریں ۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کو جائز کوریج دینے پر اخبارات اور ٹیلی ویژن کے مالکان، مدیران، صحافیوں، فوٹو گرافرز، کیمرہ مین اور عملے کے دیگر ارکان کو بھی سلام تحسین پیش کیا ۔

## میاں افتخار حسین کی رہائشگاہ کے باہر خودکش حملہ کھلی دہشت گردی اور درندگی ہے، الطاف حسین

لندن ۔۔۔26، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نوشہرہ میں صوبہ خیبر پختونخواہ کے وزیر اطلاعات میاں افتخار حسین کی آبائی رہائشگاہ کے باہر خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں پولیس اہلکاروں اور متعدد افراد کی شہادتوں اور میاں افتخار حسین کے بھانجے سمیت دیگر افراد کے شدید زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ خودکش حملے اور بم دھماکے کھلی درندگی ہے اور اس میں ملوث درندہ صفت سفاک دہشت گرد ملک وقوم ہی نہیں بلکہ انسانیت کے بھی کھلے دشمن ہیں جو کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے معصوم وبے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان بھی کہلانے کی حق دار نہیں ہوسکتے ۔ جناب الطاف حسین نے میاں افتخار حسین کی رہائشگاہ کے باہر خودکش حملے کے نتیجے میں شہید ہونیوالے پولیس اہلکاروں اور راہ گیروں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور شہداء کے بلند درجات کیلئے دعا کی ۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور صوبہ خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلیٰ امیر حیدر ہوتی سے مطالبہ کیا کہ وزیر اطلاعات میاں افتخار حسین کی رہائشگاہ کے باہر خودکش دھماکہ کے ذمہ دار درندہ صفت سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور عوام کی جان ومال تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات بروئے کار لائیں جائیں ۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں میاں افتخار حسین کے بھانجے سمیت متعدد زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی ۔

## الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے فائرنگ سے زخمی ہونیوالے جیو نیوز کے رپورٹر انور کمال اور ڈرائیور نسیم کی اسپتال جا کر عیادت کی

حیدرآباد۔۔۔26، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر صغیر احمد، یوسف شاہوانی اور وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر غلام حیدر راہو نے حیدرآباد کے مقامی اسپتال جا کر فائرنگ سے زخمی ہونے والے جیو نیوز کے رپورٹر انور کمال اور ڈرائیور نسیم کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے انور کمال اور نسیم سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کی اور مطالبہ کیا کہ مسلح دہشت گردوں کی فی الفور گرفتار کیا جائے۔اس موقع پر انہوں نے زخمیوں سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں گلدستہ پیش کیا۔وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے اور انور کمال اور نسیم کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## آئی ایس ٹی سی کے انچارج عمر قریشی کی بھابھی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔26، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی کی بھابھی جمیلہ خاتون زوجہ عبدالقادر قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

☆☆☆☆☆